**12-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............شبانہ بیگم

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ موہن چرن ماجھی نے اڈیشہ کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔ این چندرا بابو نائیڈو آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ بن گئے ہیں۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی، G-7 سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لیے کل اٹلی کے دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔

☆ کویت میں، آگ کے ایک حادثے میں کم سے کم 40 افراد جاں بحق ہو گئے۔ وزیراعظم اور وزیر خارجہ نے افسوس کا اظہار کیا ہے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے، آئندہ پانچ دنوں کے دوران اترپردیش، مغربی بنگال کے گنگا کے طاس، بہار اور جھارکھنڈ کے علاقوں میں شدید گرمی کی لہر جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور ICC مردوں کے ٹی 20 عالمی کپ میں، امریکہ اور بھارت کے درمیان کھیل جاری ہے۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**ODISHA CM OATH**

موہن چرن ماجھی کو آج شام Bhubaneswar کے جنتا میدان میں اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلایا گیا۔ ان کے ہمراہ دو نائب وزراء اعلیٰ، کنک وردھن سنگھ دیو، Pravati Parida اور کئی دیگر رہنماؤں کی حلف

برداری بھی عمل میں آئی۔ ریاست میں پہلی مرتبہ BJP اپنے بل بوتے پر سرکار تشکیل دے رہی ہے اور اس طرح نوین پٹنا یک کی قیادت والی بیجو جنتا دل کی 24 سال کے عرصے سے چلی آ رہی حکمرانی اپنے اختتام کو پہنچی۔ 52 سالہ ماجھی کو کل شام BJP قانون ساز پارٹی کا اتفاقِ رائے سے لیڈر منتخب کیا گیا۔ اس موقع پر BJP کے مرکزی مشاہدین مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو موجود تھے۔X

## NAIDU SWORN IN

تیلگو دیشم پارٹی کے سر براہ چندر بابو نائیڈو کو آج کرشنا ضلع کے Kesarapalli میں آندھرپردیش کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف دلایا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور NDA کے دیگر رہنماؤں نے اس تقریب میں شرکت کی۔X

## PM ITALY VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی کل اٹلی کے جزیرہ نمائی خطے Apulia کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ جہاں وہ اس ماہ کی 14 تاریخ کو منعقد ہونے والی G7 چوٹی کانفرنس میں حصہ لیں گے۔ آج سہ پہر نئی دلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے خارجہ سیکریٹری نے کہا کہ بھارت کو G7 چوٹی کانفرنس میں Outreach ملک کے طور پر مدعو کیا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ لگاتار تیسری مدت کیلئے وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد بیرون ملک کا پہلا دورہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دورے سے G7 میں بھارت اور جنوبی ممالک کیلئے اہمیت کے حامل معاملات پر دیگر عالمی رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کرنے کا ایک اہم موقع فراہم ہوگا۔بھارت 11 ویں مرتبہ G7 چوٹی کانفرنس میں شرکت کرے گا، جبکہ وزیر اعظم مسلسل پانچویں مرتبہ اس میں حصہ لیں گے۔

14 جون کو وزیر اعظم Outreach اجلاس میں حصہ لیں گے۔ توقع ہے کہ چوٹی کانفرنس سے علیحدہ وزیر اعظم G7 کے رہنماؤں سے دو طرفہ بات چیت بھی کریں گے۔ جناب مودی اٹلی کی اپنی ہم منصب Giorgia Meloni سے بھی دو طرفہ میٹنگ کریں گے۔ دونوں وزراء اعظم اس سے پہلے پچھلے برس ابوظہبی میں Cop 28 چوٹی میٹنگ کے دوران ملے تھے۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے خارجہ سیکریٹری نے کہا کہ بھارت سوئیزرلینڈ میں ہونے والی یوکرین امن چوٹی کانفرنس میں بھی شرکت کرے گا۔ ہمارے نامہ نگار کی رپورٹ کے مطابق، سوئیزرلینڈ کی میزبانی میں اس ماہ ہونے والی یوکرین امن چوٹی کانفرنس میں تقریباً 90 ممالک حصہ لیں گے۔X

## PARLIAMENT SESSION

اٹھارہویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس اِس ماہ کی 24 تاریخ کو شروع ہوگا۔ اجلاس کے دوران نومنتخبہ ممبران کی حلف برداری اور توثیق نیز اسپیکر کا انتخاب ہوگا۔ اِس اجلاس میں صدر جمہوریہ دریپدی مرمو کا لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ اجلاس سے خطاب ہوگا اور اُن کے خطاب پر بحث بھی کی جائے گی۔ راجیہ سبھا کا 264 واں اجلاس اِس ماہ کی 27 تاریخ کو ہوگا۔ اگلے ماہ کی تین تاریخ کو پارلیمنٹ کا اجلاس اختتام پذیر ہوجائے گا۔

یہ معلومات پارلیمانی اُمور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں فراہم کی۔ جناب رجیجو نے کہا کہ ملک کے عوام نے فیصلہ کر لیا ہے اور اب یہ ارکان پارلیمنٹ کا فرض ہے کہ وہ ملک کی خدمت کریں۔

انھوں نے کہا کہ 140 کروڑ بھارتی عوام کی امیدوں اور امنگوں کو پورا کرنے اور اُن سے وابستہ اُمور پر بات چیت کرنے اور اُس کی تکمیل کیلئے پارلیمنٹ ایک مناسب پلیٹ فارم ہے۔x

## INDIAN ARMY KARGIL

بھارتی فوج نے آج ایک ملک گیر موٹر سائیکل مہم کا آغاز کیا ہے۔ یہ سفر 1999 کی کارگل جنگ میں پاکستان پر بھارت کی فتح کی 25 ویں سالگرہ منانے کا ہے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ مہم ملک کے بہادر سپاہیوں کی نمایاں خدمات اور ان کے وِرثے کو نمایاں کرتی ہے۔ آٹھ-آٹھ موٹرسائیکل سواروں کی تین ٹیموں نے ملک کے تین کونوں سے یہ تاریخی سفر شروع کیا ہے۔ اِن مقامات میں آسام میں دنجان، گجرات میں دوارکا اور تمل ناڈو میں دھنُش کوڈی شامل ہیں۔ یہ موٹرسائیکل سوار متنوع خطوں اور چیلنجنگ روٹس پر سفر کریں گے، جو مسلح افواج کے اتحاد اور لچک کی علامت ہیں۔

وزارت نے کہا کہ موٹر سائیکل سوار کارگل جنگ کے ہیروز، سابق فوجیوں اور ویرناریوں سے ملاقات کریں گے جو اُن کے راستوں پر مختلف مقامات پر رہائش پذیر ہیں۔x

## KUWAIT FIRE

کویت کے MANGAF شہر میں ایک چھ منزلہ عمارت میں لگی تباہ کن آگ میں، خبر ہے کہ 40 سے زیادہ افراد جاں بحق ہوگئے ہیں جبکہ درجنوں زخمی ہیں۔ اِس عمارت میں مائیگریٹ ورکر رہائش پذیر تھے۔ حکام نے خبر دی ہے کہ یہ آگ ایک مطبخ سے شروع ہوئی اور تیزی کے ساتھ پوری عمارت میں پھیل گئی۔ جاں بحق ہونے والوں میں کیرالہ کے رہنے والے پانچ افراد سمیت دس ہندوستانی باشندے شامل ہیں۔ اِس عمارت میں تقریباً 195 مزدور رہائش

پذیر تھے جن میں سے بہت سے کیرالہ اور تمل ناڈو کے تھے۔ یہ عمارت ملیالم کے ایک کاروباری KG ابراہم کے زیرقیادت ایک کمپنی NBTC گروپ کی ملکیت ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کویت شہر میں آگ کے المیہ پر اظہارِغم کیا ہے۔

اپنے پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ اُن کی ہمدردی اُن سب افراد کے ساتھ ہے جنھوں نے اپنے عزیزوں کو کھویا ہے۔ انہوں نے زخمی ہونے والوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کویت شہر میں تباہ کن آگ کے حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے جس میں خبر ہے کہ 40 سے زیادہ افراد جاں بحق ہوئے ہیں، جبکہ 50 سے زیادہ افراد کو اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ جناب جے شنکر نے متاثرہ افراد کے کنبوں کے ساتھ اظہار تعزیت کیا ہے اور زخمیوں کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا کی ہے۔

اِسی دوران کویت میں بھارت کے سفیر آدرش سوائیکا نے اِس حادثے میں زخمی ہونے والے بھارتیوں سے ملنے کے لیے مختلف اسپتالوں کا دورہ کیا۔

سفارتخانے نے ایک ہنگامی ہیلپ لائن نمبر جاری کیا ہے جو یہ ہے

صفر-صفر- نو-چھ-پانچ-چھ-پانچ-پانچ-صفر-پانچ-دو-چار-چھ

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر سفارتخانے نے متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ بھی کیا ہے۔×

## ADD KUWAIT FIRE

تمل ناڈو سرکار نے، اُن بھارتی باشندوں کی مدد کرنے کے لیے ایک ہیلپ لائن قائم کی ہے جنھیں کویت میں مدد کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالین نے ریاست کی بیرون ملک بہبود کی وزارت سے اُن افراد کی ہر ممکن مدد کرنے کے لیے کہا ہے جو آگ کے حادثے میں متاثر ہوئے ہیں۔ محکمے نے کویت میں بھارتی سفارتخانے سے متاثرہ خاندانوں سے متعلق تفصیلات فراہم کرنے کے ساتھ مدد مانگی ہے۔ ہیلپ لائن کے فون نمبر ہیں :

نو-ایک-آٹھ-صفر-صفر-تین-صفر-نو-تین-صفر-نو-تین-سات-نو-تین

اور

نو-ایک-آٹھ-صفر-چھ -نو-صفر-صفر-نو-نو-صفر-صفر

......

## IIT OPEN HOUSE SESSION

ٹکنالوجی کا بھارتی اَنسٹی ٹیوٹ -IIT دہلی، بھارت میں اپنے دہلی کیمپس اور متحدہ عرب امارات میں ابوظہبی کیمپس میں داخلے کے لیے، 15 جون کو اُن تمام امیدواروں کے لیے ایک اوپن ہاؤس اجلاس منعقد کرے گا جنہوں نے JEE (ایڈوانس) 2024 کے امتحان میں کامیابی حاصل کی ہے۔ ایک بیان میں IIT دلی نے کہا کہ یہ تقریب، بھارت میں دلی کیمپس اور متحدہ عرب امارات میں ابوظہبی کیمپس، دونوں میں مواقع کی جستجو کرنے کا ایک گیٹ وے ہے۔

بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ دونوں کیمپسوں کے فیکلٹی اراکین، امیدواروں کے سوالوں کے جواب دینے کے لیے دستیاب ہوں گے۔×

## J&K TERRORIST KILLED

جموں و کشمیر میں، کٹھوعہ ضلع کے ہیرانگر سیکٹر کے Saida Sohal گاؤں میں جاری کارروائی کے دوران آج ایک اور دہشت گرد ہلاک کر دیا گیا۔ اِسی کے ساتھ ہلاک ہونے والوں کی تعداد 3 ہو گئی ہے۔ آکاشوانی کے جموں نمائندے نے خبر دی ہے کہ سکیورٹی فورسز نے ایک کارروائی میں ایک اور دہشت گرد کو ہلاک کر دیا ہے، جو گاؤں میں دہشت گردوں کے ذریعے فائرنگ شروع کرنے کے بعد، گذشتہ شام دیر گئے شروع کی گئی تھی۔ جلد ہی سکیورٹی فورسز گاؤں پہنچ گئے اور دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کیا، جس میں ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا، جبکہ CRPF کا ایک جوان زخمی ہو گیا۔ البتہ زخمی CRPF کا جوان آج صبح زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا۔

جموں -کٹھوعہ-سانبا رینج کے DIG پولیس اور SSP کٹھوعہ اُس وقت بال بال بچ گئے جب دہشت گردی مخالف جاری کارروائی کے دوران، دہشت گردوں نے اُن کی گاڑیوں پر گولیوں کی بوچھار کر دی۔ اِن دو پولیس افسروں کے قافلے پر اُس وقت حملہ کیا گیا جب ایک روپوش دہشت گرد نے اُس پر دو درجن سے زیادہ راؤنڈ فائر کیے، البتہ دونوں افسران میں سے کسی کو بھی یا عملے کے کسی فرد کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔×

## LADAKH -E-SEWA

لداخ میں جسٹس Puneet Gupta، جج ہائی کورٹ آف جموں کشمیر اور لداخ نے ای-سیوا کیندر کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کرگل کے Zanskar میں Book Bank نیز ریڈنگ روم کا بھی افتتاح کیا۔

ای ۔ سیوا کیندر لوگوں کو بھارت کے کسی بھی عدالت میں چل رہے مقدمات کی معلومات فراہم کرتا ہے، بشمول کیس کی حیثیت، اگلی تاریخیں اور اپ لوڈ کردہ احکامات۔

قانونی چارہ جوئی کرنے والے اور وکلاء ای ۔ سیوا کیندر سے فیصلے کی مصدقہ کاپیاں بھی حاصل کر سکتے ہیں۔X

## NHRC WIDOWS WELFARE

انسانی حقوق کے قومی کمیشن، NHRC، نے مرکز، ریاستی سرکاروں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے انتظامیہ کو ایک ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ بیواؤں کی بہبود اور ان کے انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ کمیشن نے اِس بات کو یقینی بنانے کی صلاح دی ہے کہ بیواؤں کے لیے بہبود کی اسکیموں کے فوائد، ایک واحد ونڈو نظام کے ذریعے، ان تک پہنچیں۔ ایڈوائزری میں اُن دس کلیدی شعبوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، جن میں اُن کے لیے پناہ کے گھروں کی فروغ اور دیکھ بھال، جائیداد میں برابری کی رسائی، استحصال سے تحفظ، مہارت کی فروغ کی گنجائش، آسان بینک کاری تک رسائی اور مالیاتی آزادی نیز صحت دیکھ بھال تک کی رسائی شامل ہیں۔ کمیشن نے کہا ہے کہ کلکٹر اور ضلع مجسٹریٹ کو خوراک، پناہ گاہوں، حرمت اور جائیداد کے تحفظ سے متعلق بہبود کی مختلف اسکیموں کے نفاذ کے لیے جوابدہ بنایا جانا چاہیے۔×

## WORLD DAY AGAINST CHILD LABOUR

آج بچہ مزدوری کے خلاف عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال منایا جاتا ہے جس کا مقصد ہر طرح کی بچہ مزدوری کو ختم کرنے کے بارے میں بیداری پیدا کرنا اور اس ضمن میں کوشش کرنے کی ترغیب دینا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق دنیا بھر میں تقریباً 16 کروڑ بچے، بچہ مزدوری کی لعنت کے شکار ہیں، جو انہیں تعلیم حاصل کرنے کے اپنے حقوق سے محروم کرتی ہے اور اُن کی بہبود اور مستقبل کے لیے خطرہ ہے۔ بچہ مزدوری کے خلاف عالمی دن کے لیے اِس سال کا موضوع ہے - ''ہمیں اپنے عزائم پر کام کرنا چاہیے - بچہ مزدوری کا خاتمہ کرنا''۔×

## UN REPORT WAR CRIEMS

اقوام متحدہ انکوائری کمیشن کے مطابق 7 اکتوبر 2023 کو شروع ہوئی اسرائیل حماس جنگ کے پہلے ماہ کے دوران اسرائیل اور حماس دونوں نے جنگی جرائم اور بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزیاں کی ہیں۔7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملوں سے متعلق ایک رپورٹ اور اسرائیل کی جوابی فوجی کارروائی کے بارے میں رپورٹ کے جائزے سے یہ پتہ چلا ہے۔ اسرائیل نے کمیشن سے تعاون کرنے سے انکار کر دیا ہے اور انکوائری کمیشن کو جانبدار قرار دیتے ہوئے ان الزامات کو مسترد کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق، اسرائیلی فوج نے فاقہ کشی پر مجبور کرنے ،قتل کرنے،

اجتماعی سزائیں دینے اور عام شہریوں پر ارادتاً حملوں جیسے جرم انجام دیتے ہیں جبکہ حماس کے فوجی شاخ و دیگر مسلح فلسطینی گروپ جان بوجھ کر ہلاکتیں کرنے اور شہریوں کے ساتھ بدسلوکی کرنے اور یرغمال بنانے جیسے جرائم کے مرتکب پائے گئے ہیں۔

حماس کی فوجی شاخ کے ذریعے ان الزامات سے انکار کے باوجود رپورٹ نے کہا کہ حقوق انسانی کے ماہرین نے Cases کے دستاویزات تیار کئے ہیں جو ایک بڑے موسیقی فیسٹیول کی جگہ کے نزدیک مردو خواتین کے خلاف تشدد، ایک فوجی چوکی اور کئی یہودی بستیوں پر حملے کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی حقوقِ انسانی کونسل کے ذریعے ماہرین کے اس پینل کو اسرائیل اور اس کے کنٹرول والے فلسطینی علاقوں میں حقوق کی خلاف ورزی اور جارحیت کے معاملات کی چھان بین کیلئے مقرر کیا گیا تھا۔ اس رپورٹ کو اقوام متحدہ حقوقِ انسانی کونسل میں اگلے ہفتے پیش کیا جائے گا۔X

## IMD HEATWAVE

بھارتیہ محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے چار سے پانچ دنوں کے دوران اترپردیش، بہار، جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں گنگا کے طاس کے علاقوں میں شدید گرمی کی لہر جاری رہنے کا امکان ہے۔

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے شمالی ریاستوں اور اوڈیشہ کے کچھ علاقوں میں بھی شدید گرمی جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس نے مزید کہا ہے کہ اگلے تین روز کے دوران مشرقی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کوئی نمایاں کمی نہیں آئے گی۔

دوسری طرف جنوب مغربی مانسون مہاراشٹر کے کچھ حصوں ، پورے تلنگانہ اور چھتیس گڑھ کے کچھ حصوں میں آج مزید آگے بڑھ گیا ہے۔ IMD نے اگلے چار سے پانچ دنوں کے دوران ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم اور شمال مشرقی بھارت میں شدید سے بہت زیادہ شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔X

## T-20 WORLD CUP

ICC مردوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں نیویارک کے نساؤ کاؤنٹی بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارت اور نیویارک کے درمیان میچ جاری ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا۔

آخری اطلاعات ملنے تک نیویارک نے 17 اوورز میں 6 وکٹ پر96 رن بنالئے ہیں۔

## BANGLADESH EID HOLI DAY

بنگلہ دیش میں عیدالاضحیٰ کی ایک ہفتے کی تعطیلات سے بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان تجارت اور ریل خدمات پر اثر پڑے گا۔

Hili land post import export group کے جنرل سکریٹری کے مطابق دونوں ملکوں کے درمیان Hili بندرگاہ کے ذریعے ہونے والی تجارتی سرگرمیاں 14 سے 21 جون تک بند رہیں گی۔Hili راہداری مغربی بنگال کے دکشن دیناج پورضلع اور بھارت بنگلہ دیش کے درمیان بین الاقوامی سرحد پر واقع ہے۔ اگرچہ اس دوران Hili امگریشن چیک پوسٹ کے راستے سفر جاری رہے گا۔ بھارت بنگلہ دیش کے درمیان تین بین ملکی ریل خدمات، ڈھاکہ سے کولکاتہ کیلئے میتری ایکسپریس، ڈھاکہ سے نیوجلپائی گوڑی آنے والی Mitali ایکسپریس اور Khulna سے کولکاتہ آنے والی بندھن ایکسپریس عید الاضحیٰ کی تعطیلات کے دوران معطل رہیں گی۔X

☆☆☆☆☆